# 05-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ضلع ناگر کرنول کے دومل پنٹا علاقہ میں واقع ایس ایل بی سی سرنگ کے پاس مٹی کے مختصر ڈھیر کو ہٹایا گیا ہے جبکہ دیکھ بھال کے علاقہ میں دوسری اشیاء کو بھی صاف کیا گیا ہے۔

۲۔ مرکزی حکومت نے کیدارناتھ کیلئے سون پریاگ کو 12.9 کلومیٹر لمبائی کے ساتھ روپ وے کو فروغ دینے کو منظوری دی ہے۔

۳۔ انٹرمیڈیٹ پبلک امتحانات 2025ء کا ریاست بھر میں آج سے پرسکون طور پر آغاز ہوا۔

۴۔ مملکتی وزیر برائے پنچایت راج پروفیسر ایس پی سنگھ باگھل نے کہا ہے کہ حکومت کی اسکیمات کو بنیادی سطح پر نافذ کرنے میں گرام پنچایت کے نمائندے اہم ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔

PM:

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت نے لوگوں، معیشت اور اختراع کو اتنی ہی ترجیح دی ہے جتنی ترجیح اس نے سرمایہ کاری میں انفراسٹرکچر اور صنعتوں کو دی ہے۔ آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ روزگار پر بجٹ کے بعد کے ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ لوگوں میں سرمایہ کاری کا وژن تین ستونوں پر کھڑا ہے، تعلیم، ہنر اور صحت کی دیکھ بھال۔ انہوں نے کہا کہ آج لوگ دیکھ سکتے ہیں کہ ہندوستان کا تعلیمی نظام کئی دہائیوں کے بعد کس طرح بڑی تبدیلی سے گزر رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ٹیلی میڈیسن کی سہولت کو تمام بنیادی مراکز صحت تک پھیلایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈے کیئر کینسر سینٹرز اور ڈیجیٹل ہیلتھ کیئر انفراسٹرکچر کے ذریعے حکومت معیاری صحت کی دیکھ بھال کو آخری حد تک لے جانا چاہتی ہے۔

INTER EXAMS:

انٹرمیڈیٹ پبلک امتحانات 2025ء کا ریاست بھر میں آج سے پرسکون طور پر آغاز ہوا۔ سال اول کے امتحان کے لئے تقریباً 5 لاکھ طلبہ نے اپنے نام درج کرائے ہیں۔ سال اول کے امتحان کا آغاز زبان دوم پرچہ اول سے ہوا۔ تلنگانہ بورڈ انٹرمیڈیٹ (ٹی جی۔ بی آئی ای) نے کہا کہ طلبہ کو امتحان حال میں داخلہ کے لئے پانچ منٹ کی اضافی مہلت دی گئی تھی۔ بورڈ کی جانب سے امتحانات کے عمدگی سے انعقاد کے لئے ایک ہزار 532 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ اِس مرتبہ ہال ٹکٹوں پر کیو آر کوڈ بھی دیا گیا ہے جس سے امیدوار امتحانی مرکز کے مقام کو باآسانی پہنچ سکتے ہیں۔ بورڈ کی جانب سے کل زبان دوم کے پرچہ دوم کا انعقاد کیا جائے گا جس کے لئے پانچ لاکھ سے زائد سکنڈ ائیر کے طلبہ نے اپنے نام درج کروائے ہیں۔ انٹر امتحانات کا اختتام 25 مئی کو ہوگا۔

CABINET - BRIEFING:

مرکزی حکومت نے کیدار ناتھ کے لئے سون پریاگ کو 12.9 کلومیٹر لمبائی کے ساتھ روپ وے کو فروغ دینے کو منظوری دی ہے۔ نئی دہلی میں آج میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اِس پراجکٹ کی مکمل لاگت 4 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس روپ وے سے یاتریوں کے سفر میں 8 سے 9 گھنٹوں کی کمی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس پراجکٹ سے معذورین اور بزرگ افراد کو بہت فائدہ پہنچے گا۔

(Sound Byte Ashwini Vaishnaw)

وزیر نے یہ بھی بتایا کہ ہیم کنڈ روپ وے کو بھی فروغ دیا جائے گا جبکہ اس پراجکٹ کی لاگت 2 ہزار 730 کروڑ روپے ہوگی۔

LOK ADALAT:

قومی لیگل سرویس اتھارٹی کی ہدایت کے مطابق ریاست بھر میں ہفتہ کو قومی لوک عدالت منعقد کی جائے گی۔ یہ لوک عدالت ہائی کورٹ سے تعلقہ سطح تک کے تمام نوعیت کے سیول مقدمات کے لئے منعقد ہوگی۔ اِس لوک عدالت سے استفادہ کرنے کے لئے کسی طرح کا خرچ یا فیس نہیں رہے گی۔ اگر زیر التوا مقدمات کے تحت کوئی فیس ادا کرتا ہے تب اسے فیس کی رقم واپس کردی جائے گی۔ ممبر سکریٹری، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج پنچ کشری یہ تفصیلات بتائی۔

LEAD SLBC:

ضلع ناگر کرنول کے دومل پنٹا علاقہ میں واقع ایس ایل بی سی سرنگ کے پاس مٹی کے مختصر ڈھیر کو ہٹایا گیا ہے جبکہ دیکھ بھال کے علاقہ میں دوسری اشیاء کو بھی صاف کیا گیا ہے۔ بچاؤ ٹیموں کی جانب سے صفائی کے لئے ایک سسٹم کے تحت کام کیا جارہا ہے۔ چٹانوں کے ٹکڑوں اور دیگر اشیاء کو ہٹایا جارہا ہے۔ بچاؤ آپریشن کی نگرانی کرنے والے عہدیداروں نے کہا کہ سرنگ کے سامنے والے حصہ میں دس کلومیٹر تک کے فاصلہ میں کام کاج جاری ہے۔ ہندوستانی فوج، دیگر مختلف ایجنسیوں کے ساتھ آپریشن میں مصروف ہے۔ محکمہ دفاع کے ترجمان نے آج دوپہر ایک بیان میں کہا کہ انجینئرنگ ٹاسک فورس کی جانب سے سرگرمی کے ساتھ اِس آپریشن میں مدد کی جارہی ہے۔

AP:

آندھرا پردیش قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر آئینا پٹروڈو نے آج کہا ہے کہ قائد اپوزیشن کے درجہ پر غور نہیں کیا جاسکتا جیسا کہ اس سلسلہ میں وائی ایس آر پارٹی کے سربراہ وائی ایس جگن موہن ریڈی سے مطالبہ کیا ہے۔ اسپیکر نے اِس مطالبہ کو غیر موسمی خواہش قرار دیا۔ انہوں نے زور دیا کہ اگر کسی بھی پارٹی کے ایوان میں 18 ارکان نہیں ہوتے ہیں تب اس پارٹی کو اپوزیشن لیڈر کا عہدہ نہیں دیا جاسکتا۔

COUNTING:

کریم نگر۔نظام آباد۔میدک عادل آباد ڈسٹرکٹس گریجویٹ ایم ایل سی انتخاب کے تحت ووٹوں کی گنتی کا عمل جاری ہے۔ پہلے ترجیح والے ووٹوں کی گنتی مکمل کرلی گئی ہے جس کے مطابق بی جے پی امیدوار انجی ریڈی نے جملہ 75 ہزار 675 ووٹ حاصل کئے جبکہ کانگریس امیدوار نریندر ریڈی 70 ہزار 565 ووٹ حاصل کرچکے ہیں۔بی جے پی امیدوار کو پہلی ترجیحی گنتی میں 5 ہزار 110 ووٹ سے سبقت حاصل ہے۔اسی دوران بی ایس پی امیدوار ہری کرشنا بھی 60 ہزار 419 ووٹ حاصل کرچکے ہیں۔پہلے ترجیحی ووٹوں کی گنتی میں کسی اور امیدوار نے واضح برتری حاصل نہیں کی ہے۔

CRICKET:

آئی سی سی مینس چمپئنز ٹرافی کرکٹ ٹورنمنٹ کے دوسرے سیمی فائنل میں آج نیوزی لینڈ نے پاکستان کے شہر لاہور کے قزافی اسٹیڈیم میں جنوبی آفریقہ کے خلاف آخری اطلاعات ملنے تک 39.4 اوورس میں 2 وکٹ کھوکر 251 کا اسکور کھڑا کرلیا۔ نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بیاٹنگ کا فیصلہ کیا۔اس میچ کی فاتح ٹیم اتوار کو فائنل میں ہندوستان سے مقابلہ کرے گی۔ واضح رہے کہ جنوبی آفریقہ نے افغانستان اور انگلینڈ کو ہرا کر گروپ بی میں پہلا مقام حاصل کیا ہے جبکہ نیوزی لینڈ نے گروپ اے میں پاکستان اور بنگلہ دیش کو شکست دی۔تاہم اسے ٹیم انڈیا کے خلاف شکست اٹھانی پڑی۔ہندوستانی ٹیم کل شب دبئ میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں آسٹریلیا کو چار وکٹ سے شکست دے کر فائنل میں پہنچ چکی ہے۔

WEATHER:

تلنگانہ بھر میں توقع ہے کہ خشک موسم برقرار رہے گا۔آئندہ تین دن کے دوران کہیں کہیں صبح کے اوقات میں موسم ہلکا سا سرد رہ سکتا ہے۔دفتر محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ دو دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ توقع ہے کہ اقل ترین اور اعظم ترین درجہ حرارت بالترتیب 22 اور 36 ڈگری سلسیس کے آس پاس رہے گا۔

GRAM PANCHAYAT:

مملکتی وزیر برائے پنچایت راج پروفیسر ایس پی سنگھ باگھل نے کہا ہے کہ حکومت کی اسکیمات کو بنیادی سطح پر نافذ کرنے میں گرام پنچایت کے نمائندے اہم ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔وزارتِ پنچایت راج کی جانب سے نئی دہلی کے نیشنل کنونشن میں آج ماڈل ویمن فرینڈلی گرام پنچایت پروگرام کو شروع کرتے ہوئے وزیر نے پنچایتوں کے کام کرنے کے طریقوں کو اجاگر کیا اور تمام پنچایتوں کے نمائندوں پر زور دیا کہ اپنے کام کے دوران قواعد کو ملحوظ رکھیں۔وزیر انوپریا پٹیل نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے ترقی کے طریقہ کو بدل دیا ہے جبکہ اب خواتین کی زیر قیادت ترقی پر اصل توجہ دی جاتی ہے۔

IGNOU:

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج اِگنو کی جانب سے اُس کے آغاز کے بعد سے اب تک خدمات کی ستائش کی ہے اور کہا کہ اِگنو نے معیاری اعلیٰ تعلیم کو قابل دسترس اوپن اور فاصلاتی طریقہ کے ذریعہ سب کے لئے آسان بنایا ہے۔ مرکزی وزیر نے جو اِگنو میں منعقدہ 38 ویں کانوکیشن میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی، کانوکیشن کو آن لائن طریقہ سے خطاب کیا۔ یہ پروگرام حیدرآباد کے نظام کالج میں منعقد کیا گیا۔ انہوں نے اِس موقع پر کامیاب طلبہ کو مبارکباد دی۔ سینئر ریجنل ڈائرکٹر ڈاکٹر رمیش نے اِگنو ریجنل سنٹر حیدرآباد کے لئے سال 25-2024 کے تحت سالانہ رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے مرکزی کی جانب سے انجام دئے گئے بڑے کارناموں کو اجاگر کیا۔ حیدرآباد میں 2370 امیدوار ڈگری، ڈپلومہ پروگراموں کے ایوارڈ کے لئے اہل قرار پائے ہیں۔

❍❍